Item # G-5

مشینوں کے خطرات سے بچاؤ

مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول

محکمہ محنت، حکومت پنجاب

مشینوں کے خطرات سے بچاؤ

مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول
محکمہ محنت، حکومت پنجاب

https://boilersinfo.com/

تصنیف : سعید احمد اعوان
ایم ایس سی کیمسٹری (گولڈ میڈلسٹ)
ایم ایس سی (آکوپیشنل ہیلتھ یو۔کے)
ڈائریکٹر
مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول
محکمہ محنت، حکومت پنجاب

https://boilersinfo.com/

وزیر محنت وانسانی وسائل حکومت پنجاب کا پیغام

محنت کشوں کو حادثات اور بیماریوں سے بچنے کا شعور پیدا کرنے کے لیے محکمہ محنت وانسانی وسائل نے پہلی مرتبہ بڑے پیمانے پر آگہی کی ایک مہم کا آغاز کیا ہے۔ یہ کتابچہ اسی مہم کی ایک کڑی ہے۔ موجودہ حکومت محنت کشوں کو ان کے جائز حقوق دلانے اور ان کے لیے سہولیات مہیا کرنے کے لیے شب و روز کوشاں ہے۔ کارکنوں کے لیے صوبے کے تمام کونوں میں رہائشی سہولتیں اور ہسپتال تعمیر کیے جا رہے ہیں۔

ہماری حکومت کا یقین ہے کہ ملک کی معیشت تبھی ترقی کر سکتی ہے جب کارکن دل جمعی کے ساتھ اور صحت مند ماحول میں کام کریں گے۔ میری اپنے محنت کش بھائیوں اور بہنوں سے استدعا ہے کہ وہ اس کتابچے میں دی گئی ہر معلومات نہ صرف خود عمل کریں بلکہ اپنے دیگر ساتھیوں تک بھی پہنچائیں۔

خیر اندیش
سید اختر حسین رضوی
وزیر محنت وانسانی وسائل حکومت پنجاب

https://boilersinfo.com/

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

ناشر : مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول
محکمہ محنت، حکومت پنجاب

اشاعت : 2005

تعداد اشاعت : 4400

ڈیزائننگ : افتخار حسین 0303-6408526
042-7539423

پرنٹر : وڈ پیکر پرنٹرز۔ پبلشرز لاہور
042-7224382-0303-6423261

https://boilersinfo.com/

ابتدائیہ

کام کے دوران پیش آنے والے خطرات کی وجہ سے ہر سال لاتعداد کارکن بیماریوں اور حادثات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ذرا سی احتیاط اور پیش بندی سے ان خطرات سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔

محکمہ محنت و انسانی وسائل حکومت پنجاب کارکنوں کی صحت و تحفظ کے لئے کوشاں ہے یہ کتابچہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے یہ کتابچہ کارکنوں، مینجروں اور مالکان میں صحت و تحفظ سے متعلق شعور بیدار کرنے کے لئے انتہائی مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ کارکن اس کا بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ محکمہ محنت ''مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول'' صوبے بھر میں صحت و تحفظ اور حالات کار کی بہتری کے لیے سرگرداں ہے۔ میری آپ سے استدعا ہے کہ اس مرکز کی سہولیات سے بھرپور استفادہ کریں۔

شاہنواز بدر
سیکرٹری محکمہ محنت و انسانی وسائل
حکومت پنجاب

https://boilersinfo.com/

ذاتی کوائف

نام _____

ولدیت _____

عہدہ _____

شناختی کارڈ نمبر | | | | | | | | | | | | | | | |

ادارہ کا نام _____

ادارہ کا ایڈریس _____

ایمرجنسی فون نمبر _____ بلڈ گروپ _____

https://boilersinfo.com/

حادثات سے بچنے کیلئے متحرک مشینری کو ڈھانپ کر رکھیں



مشینوں کے ساتھ کام کے دوران کچھ خطرات وابستہ ہوتے ہیں۔

مناسب احتیاطیں برت کر ان خطرات سے بچا جا سکتا ہے۔

https://boilersinfo.com/

مشینوں کے تمام خطرناک حصوں پر لازمی طور پر گارڈ لگائے جائیں۔کبھی بھی کام کی رفتار تیز کرنے کے لئے حفاظتی گارڈ نہ اتاریں یا کوئی غیر معیاری گارڈ استعمال نہ کریں۔

https://boilersinfo.com/



ایک اچھے ڈیزائن والے گارڈ کے استعمال سے مشین کے متحرک حصوں کے ساتھ چھونے سے بچا جا سکتا ہے اور کارکن اپنا کام با آسانی کر سکتا ہے۔



آرے کے لیے ایڈجسٹ ہو جانے والا گارڈ

استعمال کریں۔

خود کار گارڈوں کو مناسب طریقے سے سیٹ کریں اور ان کو باقاعدگی سے ٹیسٹ کریں۔ آپریٹروں کو مکمل تربیت دیں اور ان کی نگرانی کریں۔



پہلی چیز جو کہ کسی آپریٹر کو اپنی مشین کے بارے میں سیکھنی چاہیے۔ یہ ہے کہ اسے بند کیسے کیا جائے۔ آپریٹر کو پتہ ہونا چاہئے کہ ہنگامی حالت میں مشین کو کیسے تیزی سے بند کرنا ہے۔ مشین چلانے سے پہلے آپریٹر کو یہ بات یقینی بنانا چاہیے کہ ہر آدمی اس کی زد سے دور رہے۔



کسی مشین کے حادثاتی یا ناجائز طور پر چل جانے کے امکان کو ختم کریں۔ مشینوں کی حرکت کے دوران صفائی نہ کریں۔ نہ ہی تیل یا گریس لگائیں اور نہ ہی انہیں ٹھیک کریں۔
(سوائے پیشہ ور کاریگروں کے)



صرف ایسی مشینیں استعمال کریں جن پر مناسب گارڈ موجود ہوں۔ اوران کے خطرناک حصوں سے کارکنوں کو نقصان نہ پہنچے۔



متحرک حصوں مثلاً گیئر، شافٹوں، پلیوں، رولروں، بیلٹوں اور ہائیڈرالک لائنوں کی زد میں آنے سے کارکن زخمی ہو سکتے ہیں۔ ان سے بچنے کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ ان حصوں تک کارکنوں کی رسائی نہ ممکن بنا دی جائے۔



ایسے انٹرلاک ہونے والے گارڈ یا کنٹرول استعمال کریں جن کی وجہ سے کارکن کے لیے متحرک مشینری تک رسائی نہ ممکن ہو۔ اس مشین کے دو دستی کنٹرول ہیں۔ لہذا حادثاتی طور پر کارکن کا ہاتھ مشین کی زد میں نہیں آ سکتا۔

بعض انٹر لاک گارڈ ایسے ہوتے ہیں۔ کہ اگر ان کو ہٹایا جائے تو مشین خود بخود رک جاتی ہے۔

متحرک مشینوں کے پاس گپ شپ سے پرہیز کریں۔

بغیر گارڈ کے مشینری میں ہاتھ دینا شیر کے پنجرے میں
ہاتھ دینے کے مترادف ہے۔

پریشر والی مشینوں میں گنجائش سے زیادہ پریشر
نہ بڑھائیں۔



مشینوں پر کام کرتے وقت ڈھیلا ڈھالا لباس حادثات کا باعث بن سکتا ہے۔



مشینوں کی ننگی تاریں اور خراب وائرنگ مہلک حادثات کا موجب بن سکتیں ہیں۔



مشینوں پر کام کرتے وقت مناسب حفاظتی آلات
استعمال کریں۔

محترک مشینری کے پاس احتیاط سے کام کریں۔



اس بات کو یقینی بنائیں کہ کارکن مشین کے تمام کنٹرول والے حصوں تک آسانی سے پہنچ سکیں۔ اگر، مشین کے کنٹرولز آسان دسترس میں نہ ہوں یا کارکن انہیں دیکھ نہ سکیں تو وہ انہیں چلانے کیلئے اندازے کا سہارا لیتے۔ جس سے غلطیوں کا امکان بڑھ جاتا ہے۔



پاؤں سے چلنے والے پیڈلوں کی تعداد کم سے کم رکھیں

اگر یہ ضروری ہوں تو ان کا چلانا آسان بنائیں۔



مشینوں پر کام کرتے ہوئے روشنی کا معقول

انتظام کریں۔

بحث کے لیے سوالات

☆ آپ کے ہاں کون سی خطرناک مشینری استعمال ہو رہی ہے؟

☆ یہ کیوں خطرناک ہے؟

☆ آپ اس میں کیا بہتری دیکھنا چاہیے گے؟

☆ آپ کے ہاں مشینوں پر کون سے حفاظتی آلات میسر ہیں اور کونسے نہیں؟

صحت وتحفظ اور ماحول کے مسائل سے آگاہی
کارخانوں اور اداروں کی دہلیز پر

☆ کارکنوں اور آجروں میں صحت وتحفظ اور ماحول کے متعلق شعور بیدار کرنے کے لیے موبائل ٹریننگ یونٹ رواں دواں ہے۔

☆ یہ یونٹ آپ کے ادارے میں بھی تربیت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔ مزید معلومات کے لیے ہم سے رجوع کریں۔

MOBILE TRAINING UNIT
ON
SAFETY HEALTH & ENVIRONMENT

ویب سائٹ

سنٹر فار دی امپروومنٹ آف ورکنگ کنڈیشنز اینڈ انوائرمنٹ لاہور کی ویب سائٹ آپ کی راہنمائی کے لیے ہمہ وقت موجود ہے۔ اس سے فائدہ اٹھائیں۔

www.ciwce.org.pk

دستیاب سہولیات

سنٹر فار دی امپروومنٹ آف ورکنگ کنڈیشنز اینڈ انوائرمنٹ لاہور میں صحت وتحفظ اور ماحول کی بہتری کے لیے جدید ترین سہولیات میسر ہیں۔

- ☆ جدید ترین آلات سے مزین لیبارٹریاں۔
- ☆ لائبریری۔
- ☆ ویڈیوز۔
- ☆ مشاورتی خدمات۔
- ☆ جدید ترین معلومات کی دستیابی۔

مزید معلومات اور مشاورت کیلئے

Centre for the Improvement of
Working Conditions & Environment
Directorate of Labour Welfare
Government of the Punjab
Township, (near Chandni Chowk), Lahore.
Tel: (042) 99262145 Fax: (042) 99262146
E-mail: awosh@brain.net.pk
Website: http:/www.ciwce.org.pk/